اس کتاب کی دو جلدیں پہلے شائع ہوکر عوام وخواص میں مقبول ہوچکی اور برہان میں ان کا تذکرہ آچکا ہے، یہ اسی سلسلہ کی تیسری جلد ہے جو حج، جہاد اور فضائل قرآن کے ابواب پرمشتمل ہے اور یہ ابواب مجموعی طور پر دو سو ستر احادیث پرمشتمل ہیں۔ لائق مترجم نے کتاب کی تلخیص کے ساتھ ان احادیث کا شستہ وشگفتہ اردو میں ترجمہ اور پھر اس کی تشریح کا مستقل کام توکیا ہی ہے بڑی بات جو اہل علم کے لیے قابل قدر اور لائق تحسین ہے یہ ہے کہ مختلف نسخوں کو سامنے رکھ کر اور کتب حدیث کی مدد سے متن کی تصحیح کی ہے، مصنف یعنی علامہ منذری نے جو حوالے دیے ہیں ان کی مراجعت اصل سے کی ہے، اور اگر حوالہ میں مصنف سے کہیں سہو یا ذہول ہوگیا یا اصل میں ہی کوئی غلطی یا اختلاف ہے تو حوالوں کے اس کی نشاندہی کی گئی ہے، اور عجیب بات ہے کہ اس جلد میں اس کے مواقع نسبتہً زیادہ آئے ہیں۔ چنانچہ ہم نے شمار کیا تو معلوم ہوا کہ کتاب میں ۴۲ مقامات ایسے ہیں جہاں لائق مترجم نے مصنف یا کسی اور امام کے سہو کی نشاندہی اور اس کی تصحیح کی ہے۔ علاوہ ازیں مصنف کے حوالوں پر مترجم نے جگہ جگہ کچھ اور حوالوں کا اضافہ بھی کیا ہے، پھر ہر باب کے آغاز میں موضوع باب سے متعلق ایک مقدمہ بھی ہے جس میں موضوع کی حقیقت اور اس کی اہمیت وفضیلت پر گفتگو ہے غرض کہ اب یہ کتاب فقط ترجمہ نہیں، بلکہ حدیث اور اس کے متعلقات کے بارے میں نہایت مفید تحقیقی معلومات کا ایک اہم مجموعہ بھی ہے، اور اس لیے اس کا مطالعہ عوام اور خواص دونوں کے لیے ہم خرما وہم ثواب کا مصداق ہوگا۔

تجدید دین | از مولانا وحید الدین خاں تقطیع متوسط ضخامت ۴۶ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت دو روپیے پتہ: مکتبہ الرسالۃ، جمعیۃ بلڈنگ، قاسم جان اسٹریٹ، دہلی ۶

اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ آج اسلام کے صاف وشفاف چہرہ پر غلط خیالات ومزعومات اور ان کے تحت غلط اعمال و افعال کے گرد وغبار کی ایسی تہیں جم گئیں ہیں، جن کے باعث اصل چہرہ کی آب وتاب مدہم اور بعض جگہ معدوم ہوگئی ہے، ضرورت ہے کہ